# 20-07-2024 SATURDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلی ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت ریاستی اسمبلی کے مجوزہ بجٹ سیشن کے دوران جاب کیلنڈر کا اعلان کرے گی۔

۲۔تلنگانہ کے گورنرسی پی رادھا کرشنن نے بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راو کی زیر قیادت ایک وفد کو یقین دہانی کروائی کہ وہ معتمد داخلہ کے ساتھ بے روزگار نوجوانوں کے مسائل پر تبادلہ خیال کریں گے۔

۳۔نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) نے نیٹ۔یو جی میڈیکل انٹرنس امتحان کے لئے شہرواری اور مرکز واری نتائج ویب سائٹ پر جاری کئے۔

اور

۴۔وزارتِ شہری ہوابازی نے کہا ہے کہ تمام ایرپورٹس کے ایرلائنس سسٹم نے معمول کے مطابق کام کرنا شروع کردیا ہے۔

☆☆☆

وزیراعلی ریونت ریڈی نے دعوی کیا ہے کہ کئی افراد کو ملک میں آنجہانی وزیراعلی این ٹی راما راو کی جانب سے متعارف کردہ اتحادی سیاست کی وجہ سے موجودہ دور میں کئی افراد کو سیاست میں موقع حاصل ہوا ہے۔انہوں نے حیدرآباد کے ہائی ٹیک سٹی میں کما کمیونٹی گلوبل سمٹ کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ آنجہانی این ٹی راما راو نے قیادت کا ایک برانڈ بنایا تھا اور کئی افراد کو سیاسی طور پر بڑھنے میں مدد کی تھی۔انہوں نے کہا کہ کما طبقہ نے زرخیز زمین میں ہر جگہ اپنی موجودگی کو ثابت کیا ہے۔کما طبقہ کا بنیادی کردار سخت محنت اور دوسروں کی مدد کرنا ہے۔انہوں نے تمام شراکت داروں سے اپیل کی کہ وہ حیدرآباد کو کاسموپولیٹن اور عالمی شہر کے طور پر ترقی دینے کیلئے شراکت دار بنیں۔

☆☆☆

تلنگانہ اسمبلی کے منگل سے شروع ہونے والے بجٹ سیشن کے سلسلہ میں ریاستی چیف سکریٹری شانتی کماری نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ ارکان کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کے مکمل معلومات کے ساتھ جوابات بھیجیں۔چیف سکریٹری نے سکریٹریٹ میں سینئر عہدیداروں کے ساتھ اجلاس منعقد کیا۔انہوں نے کہا کہ سینئر عہدیداروں کو چاہیئے کہ وہ بجٹ سیشن کے موقع پر حاضر رہیں تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ خلا کی کوئی کمی نہ ہونے پائے۔اسپیشل چیف سکریٹری برائے فائنانس رادھا کرشنا راو نے کہا کہ سالانہ بجٹ اس ماہ کی 25 تاریخ کو پیش کیا جائے گا۔آنے والے دنوں میں مختلف محکمہ جات کے مطالبات زر پر مباحث ہوں گے۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ مطالبات زر کے نوٹس پیشگی طور پر تیار کریں تا کہ ارکان اسمبلی کو اس کا مطالعہ کرنے کا کافی وقت مل سکے اور وہ مباحث کیلئے مسائل کو اٹھا سکیں۔

☆☆☆

وزیراعلی ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت ریاستی اسمبلی کے مجوزہ بجٹ سیشن کے دوران جاب کیلنڈر کا اعلان کرے گی۔انہوں نے پرجا بھون حیدرآباد میں راجیو گاندھی سیولس ابھئے ہستم اسکیم کے آغاز کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان کی حکومت ہر سال مارچ سے پہلے ہر محکمہ میں ملازمتوں کے بارے میں ڈاٹا تیار کرے گی اور اعلامیہ 2 جون کو جاری کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ تقرری کا عمل ہر سال 9 دسمبر تک مکمل کرلیا جائے گا۔انہوں نے یاددہانی کروائی کہ تلنگانہ تحریک کی وجہ سے ہی نوجوانوں کی ملازمتوں کا خواب پورا ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ میں برسر اقتدار آنے کے اندرون تین ماہ 30 ہزار ملازمتوں کو پُر کرنے کے احکامات جاری کئے گئے ہیں۔یو پی ایس سی کے خطوط پر تلنگانہ اسٹیٹ پبلک سروس کمیشن میں اصلاحات کئے گئے ہیں۔

☆☆☆

نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) نے نیٹ۔ یو جی میڈیکل انٹرنس امتحان کے لئے شہرواری اور مرکز واری نتائج جاری کئے ہیں۔ این ٹی اے نے سپریم کورٹ کی ہدایت پر نتائج جاری کئے ہیں۔ قبل ازیں عدالت عظمی نے این ٹی اے کو ہدایت دی تھی کہ وہ اپنی ویب سائٹ پر آج 12 بجے تک شہرواری اور مرکز واری نتائج اپنی ویب سائٹ پر شائع کرے اور امیدواروں کی شناخت کوراز میں رکھے۔ نتائج اب ویب سائٹ neet.ntaonline.in پر دستیاب کروائے گئے ہیں۔

☆☆☆

مرکزی وزیر کانکنی کشن ریڈی نے معدنی شعبہ کے تمام فریقین پر زور دیا کہ وہ متحدہ طور پر کام کریں تاکہ اہم معدنیات میں خود مکتفی ہونے کا موقف حاصل کیا جاسکے۔ یہ کہتے ہوئے کہ ملک کوئلہ کے شعبہ میں خود مکتفی ہوگیا ہے، مرکزی وزیر نے کہا کہ مزید اصلاحات اور پالیسی فیصلے معدنی کے شعبہ میں آنے والے دنوں میں کئے جائیں گے۔ انہوں نے حیدرآباد میں منرل اکسپلوریشن ہیکاتھان اینڈ کریٹیکل منرلس روڈ شو کا افتتاح انجام دیا۔ وزیر موصوف نے اس موقع پر اہم معدنیات سے متعلق دوسرے اور تیسرے ٹرینچ کے ای ہراج کے ترجیحی بولی دہندگان کو کمپوزٹ پرمیشن لیٹرس حوالے کئے۔ انہوں نے نیشنل ڈسٹرکٹ منرل فنڈ پورٹل کے علاوہ تلنگانہ منرل اسپاٹ لائٹس، تلنگانہ جیالوجی اینڈ منرل ریسورس کی رپورٹس کو جاری کیا۔ اس موقع پر وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت نے تمام شعبہ جات بشمول معدنیات کی شفاف طریقہ سے ترقی کے لئے بیشتر اقدامات کئے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ مختلف شعبہ جات میں ملک کو خود مکتفی ہونے میں معدنیات کے شعبہ نے اہم رول ادا کیا ہے۔ پہلی مرتبہ پرائیوٹ اداروں کی معدنیات کی کھوج میں حوصلہ افزائی کی جارہی ہے۔ جی ایس آئی ڈاٹا کو ڈیجیٹلائز کرتے ہوئے تمام کے لئے مفت دستیاب کروایا گیا ہے۔ قبل ازیں بہار کے ڈپٹی چیف منسٹر وی کے سنہا، جوائنٹ سکریٹری کانکنی ڈاکٹر وینا کماری اور ڈائرکٹر جنرل جی ایس آئی جناردھن پرساد نے بھی خطاب کیا۔

☆☆☆

وزیر کیمیکلس و کھاد جے پی نڈا نے کہا ہے کہ ملک کے پانچ ٹریلین معیشت بننے میں کیمیکلس اور کھاد کی انڈسٹری کے اہم رول کی ہندوستان کو ضرورت ہے۔ انہوں نے انڈیا کیم 2024ء کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اس انڈسٹری کے لئے درکار ضرورتوں اور مناسب پالیسی کی فراہم کے لئے پابند عہد ہے۔ انڈیا کیم 2024ء بین الاقوامی نمائش و کانفرنس ہے۔

☆☆☆

وزیر اعلیٰ تلنگانہ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت نے حیدرآباد ڈیزاسٹر ریسپانس اینڈ اسیٹ پروٹیکشن ایجنسی (حیدرا) سسٹم قائم کیا ہے، تاکہ حیدرآباد شہر میں بلدی اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے مسائل حل کئے جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت لندن کے تھیمس دریا کے خطوط پر موسیٰ ندی کو خوبصورت سیاحتی مرکز کے طور پر ترقی دینے کا منصوبہ رکھتی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ 1.50 لاکھ کروڑ روپے کے صرفہ سے موسی ریورفرنٹ ڈیولپمنٹ پروجکٹ کے کام شروع کئے جائیں گے۔ انہوں نے آج شہر حیدرآباد میں گوپن پلی فلائی اوور کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے موسیٰ ندی کی موجودہ حالت پر افسوس کا اظہار کیا، جس سے بدبو آرہی ہے۔

☆☆☆

وزارتِ شہری ہوابازی نے کہا ہے کہ تمام ایرپورٹس کے ایرلائنس سسٹم نے معمول کے مطابق کام کرنا شروع کردیا ہے۔ مائیکروسافٹ میں تکنیکی مسئلہ کے سبب گزشتہ روز طیاروں کی آمدورفت متاثر ہوئی تھی۔ اپنے بیان میں وزارت نے کہا کہ حکومت ایرپورٹس پر طیاروں کے آپریشنس کی مسلسل نگرانی کررہی ہے۔

☆☆☆

تلنگانہ کے گورنرسی پی رادھا کرشنن نے بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راماراو کی زیر قیادت ایک وفد کو یقین دہانی کروائی کہ ریاستی حکومت کو مکتوب روانہ کرنے سے پہلے معتمد داخلہ سے وہ بے روزگار نوجوانوں کے مسائل پر تبادلہ خیال کریں گے۔ راج بھون میں گورنر سے ملاقات کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے تارک راماراو نے کہا کہ گورنر کو اس بات سے واقف کروایا گیا کہ ملازمتوں کے محاذ پر کئے گئے وعدوں کی تکمیل میں ریاستی حکومت کی ناکامی پر احتجاج کرنے پر ریاست میں بے روزگار نوجوانوں کے ساتھ نامناسب سلوک کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس نے طلبہ پر حملہ بھی کیا۔ راماراو نے کہا کہ ریاستی حکمران جماعت نے بی آر ایس کے ارکان اسمبلی اور کونسل کی اہمیت کو صرف نظر کرتے ہوئے پروٹوکول کی کئی خلاف ورزیاں کی ہیں، جس کو گورنر کے علم میں لایا گیا۔

☆☆☆

تلنگانہ کے وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے تمام چیف انجینئرس کو ہدایت دی کہ وہ سکریٹری کی اجازت سے پہلے ضلع مستقر نہ چھوڑیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ چھوٹے آبپاشی، بڑے آبپاشی اور اوسط آبپاشی کے پراجکٹس میں پانی کے بہاؤ پر ہر گھنٹہ نظر رکھیں۔ رہنمایانہ خطوط کے مطابق پراجکٹس کے دروازوں کے مناسب طور پر کام کو یقینی بنائیں۔ وزیر موصوف نے محکمہ آبپاشی کے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ مقررہ طریقہ کار کے مطابق سیلابی پانی کو چھوڑیں اور کلکٹر و ایس پی کی مدد سے نچلے علاقوں میں رہنے والوں کو پیشگی طور پر انتباہ جاری کریں۔

☆☆☆

بی جے وائی ایم نے اندرا پارک کے دھرنا چوک پر بے روزگاروں کا مہا دھرنا منعقد کیا۔ مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی جنہوں نے مظاہرین سے خطاب کیا، ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ بے روزگار نوجوانوں کے مطالبات کی تکمیل کرے اور ان کے ساتھ کئے گئے وعدوں کا احترام کرے۔ انہوں نے تلنگانہ ریاست کے لئے نوجوانوں کی قربانیوں کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ 1500 نوجوان شہید ہوئے۔ مرکزی وزیر نے ملازمت کے اعلامیہ کی اجرائی اور ملازمتوں کو پُر کرنے میں ناکامی کے ذریعہ نوجوانوں سے دغا بازی کا سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راو، ان کے خاندان اور بی آر ایس پر الزام لگایا۔